ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydharti.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر بیکنو: ڈاکٹر عمران حسین
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | بدھ 26 نومبر 2025ء، 04 جمادی الثانی 1447ھ، 30 کاتک 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 204

مسئلہ کشمیر کی عالمی تشہیر، مظلوم کشمیریوں کی آواز بننے کیلئے نئے پروگرام، قانون سازی کی تیاری

کشمیر کاز کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہ کر آئندہ 6 ماہ میں کشمیر لبریشن سیل اور کشمیر کلچرل اکیڈمی کے تحت ضروری اہداف کے حصول کے لیے ہر ممکن کوشش، ضروری اقدامات کریں گے

تمام اضلاع میں لبریشن سیل اور کشمیر کلچرل اکیڈمی کی تقریبات، کیمپس کے ریسرچ ورک کو ڈیجیٹل، سوشل میڈیا ایکٹیوازم، پرنٹ میڈیا میں اندرون اور بیرون ملک مختلف زبانوں میں اجاگر کیا جائیگا، فیصلہ

مظفرآباد (پی آئی ڈی) حکومت آزاد کشمیر وزیر برائے کشمیر کاز و آرٹس اینڈ کلچر محترمہ نبیلہ ایوب نے کہا ہے کہ حکومت آزاد کشمیر کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کرنے کے لیے ترجیح بنیادوں پر ہر ممکن ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعظم کا ژرٹس اینڈ کلچر محترمہ نبیلہ ایوب اور وزیر اعظم کے مشیر برائے اطلاعات و سیاحت راجہ فیصل ممتاز راٹھور کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کے حق میں اندرون اور بیرون ملک زیادہ سے زیادہ آگاہی، حمایت اور میڈیا کوریج کے لیے مختلف سطح پر کام کر رہی ہے۔ زیادہ سے زیادہ منظم اور فعال طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات محمد عمیر جاوید، ڈائریکٹر جنرل کشمیر کلچرل اکیڈمی کی محمد ہارون بلوچ، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز سیل اور کشمیر کلچرل اکیڈمی کے افسران کی موجودگی میں بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں کشمیر کلچرل اکیڈمی کی تقریبات، کیمپس کے ریسرچ ورک کو ڈیجیٹل، سوشل میڈیا ایکٹیوازم، پرنٹ میڈیا میں اندرون اور بیرون ملک مختلف زبانوں میں اجاگر کیا جائیگا، فیصلہ

راولاکوٹ: صدر پاکستان پیپلز پارٹی پونچھ سردار عامر خورشید عباسی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چین امریکہ تعلقات میں بڑی پیشرفت کے واضح امکانات

ٹرمپ جینگ جائیں گے، صدور کا ٹیلیفونک رابطہ، مختلف امور پر تفصیلی گفتگو

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ نے آج 2026 کی دوسری نصف میں امریکہ کے دورے کی دعوت قبول کرلی۔ واشنگٹن سے جاری تفصیلات کے مطابق اہم رابطہ پیر کو ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے مختلف امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ ذرائع کے مطابق ٹرمپ نے چین کو یقین دہانی کرائی کہ امریکہ تائیوان کی خودمختاری کی حمایت کرتا رہے گا اور ون چائنا پالیسی برقرار رہے گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ وہ اپریل 2026 میں بیجنگ کا سرکاری دورہ کریں گے جبکہ شی جن پنگ نے اپنی 2026 کی دوسری نصف میں امریکہ کے دورے کی دعوت قبول کرلی۔ واشنگٹن سے جاری تفصیلات کے مطابق اہم رابطہ پیر کو ہوا۔ (سٹف 03 37)

حکومت پاکستان 1 لاکھ ٹن چاول خرید کر بنگلہ دیش کو بھیجے گی

ٹی سی پی نے ٹینڈر جاری کردیا، کراچی پورٹ سے سپلائی کی جائے گی

کراچی (صباح نیوز) پاکستان ٹریڈنگ کارپوریشن (ٹی سی پی) نے بنگلہ دیش کو چاول کے لیے ایک لاکھ ٹن کے ٹینڈر جاری کر دیا ہے، جو کراچی کے بندرگاہوں کے ذریعے "ڈیرک بلک کارگو" کی شکل میں برآمد کیے جائیں گے۔ ٹینڈر کے مطابق قیمت کی بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 28 نومبر 2025 کو 30:11 بجے ہے۔ (سٹف 03 36)

پاکستان پیپلز پارٹی ضلع پونچھ کو وزیر اعظم آزاد کشمیر کو دعوت

فیصل راٹھور والد محترم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پونچھ کی محرومیوں کا ازالہ کرنے کیلئے اقدامات اٹھائیں گے

سابقہ ادوار میں بھی پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران تعمیر و ترقی کا انقلاب آیا، سردار عامر خورشید وڈیگر کی پریس کانفرنس

راولاکوٹ (صبا نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع پونچھ نے وزیر اعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں دورہ پونچھ کی دعوت دی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ وزیر اعظم اپنے والد محترم و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر ممتاز حسین راٹھور کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کی محرومیوں کے ازالہ کے طور پر اپنے ضلع دونوں اور سابقہ آبائی ضلع پلندری کو تمام انتظامی بنیادوں پر ضلع بنانے کا اعلان کریں۔ یہ مطالبہ پیپلز پارٹی ضلع پونچھ کے صدر سردار عامر خورشید وڈیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران اس ڈویژن کے سماجی کارکن اور ماہر تعلیم ڈاکٹر نذیر احمد کو ہر سطح پر ڈیفیٹ کی گئی تھی جس کے نتائج آج ہم بھگت رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران پونچھ کی محرومیوں کے ازالہ کے طور پر اپنے ضلع دونوں اور سابقہ آبائی ضلع پلندری کو تمام انتظامی بنیادوں پر ضلع بنایا جائے۔ (سٹف 03 39)

اسلام آباد: وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس کے مناظر

جموں کشمیر لبریشن سیل، کلچرل اکیڈمی کو مزید متحرک و فعال بنانے کا عزم

حکومت 6 ماہ میں کشمیر لبریشن سیل، کشمیر کلچرل اکیڈمی کے تحت ضروری اہداف کے حصول کے لیے ہر ممکن کوشش کر یگی

تمام ڈپٹیز اور تمام ڈویژنل صدر مقامات پر قائم کشمیر سنٹرز کو زیادہ فعال بنایا جائے، محترمہ نبیلہ ایوب کی زیر صدارت اجلاس

مظفرآباد (پی آئی ڈی) حکومت آزاد کشمیر کی وزیر برائے کشمیر کاز و آرٹس اینڈ کلچر محترمہ نبیلہ ایوب نے کہا ہے کہ حکومت آزاد کشمیر کشمیر کاز کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کرنے کے لیے ترجیح بنیادوں پر ہر ممکن ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعظم کا ژرٹس اینڈ کلچر محترمہ نبیلہ ایوب اور وزیر اعظم کے مشیر برائے اطلاعات و سیاحت راجہ فیصل ممتاز راٹھور کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کے حق میں اندرون اور بیرون ملک زیادہ سے زیادہ آگاہی، حمایت اور میڈیا کوریج کے لیے مختلف سطح پر کام کر رہی ہے۔ زیادہ سے زیادہ منظم اور فعال طریقہ اختیار کیا جائیگا۔ وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات محمد عمیر جاوید، ڈائریکٹر جنرل کشمیر کلچرل اکیڈمی کی محمد ہارون بلوچ، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز سیل اور کشمیر کلچرل اکیڈمی کے افسران کی موجودگی میں بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں کشمیر کلچرل اکیڈمی کی تقریبات، کیمپس کے ریسرچ ورک کو ڈیجیٹل، سوشل میڈیا ایکٹیوازم، پرنٹ میڈیا میں اندرون اور بیرون ملک مختلف زبانوں میں اجاگر کیا جائیگا، فیصلہ

مظفرآباد: ممبر بورڈ آف گورنرز چیئرمین سکروٹی اینڈ لٹریری کمیٹی سردار افتخار حسین خان پریس فاؤنڈیشن کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایرانی سیکیورٹی چیف کے اسٹریٹجک دورہ کا مقصد کیا ہے؟

دونوں ممالک کے تعلقات میں نئے مرحلے کا آغاز ہونے والا ہے، بیان

اسلام آباد (صباح نیوز) ایران کی سپریم کونسل سکیورٹی کے سیکرٹری ادمیرال علی شمخانی کے دو روزہ اسٹریٹجک دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے، جہاں وہ سیکیورٹی، معاشی خدشات اور علاقائی استحکام سمیت متعدد اہم امور پر پاکستانی قیادت سے ملاقات کریں گے۔ اس دورے کے دوران (سٹف 03 41)

چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر کی زیر صدارت اجلاس

مختلف تعمیراتی منصوبوں کے حوالے سے درکار فنڈز کی تفصیلی بریفنگ

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے سپریم کورٹ بلڈنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ کے چیف

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydharti.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

ڈپٹی اسپیکر شپ کی رسہ کشی

آزاد جموں وکشمیر کی سیاست ایک بار پھر شدید ہلچل کی کیفیت میں ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری ریاض گجر کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کی تیاریاں زوروں پر ہیں اور اس کے ساتھ ہی پیپلز پارٹی کے اندرونی حلقوں میں مکمل نئے ڈپٹی اسپیکر کے نام پر ایک غیر معمولی رسہ کشی شروع ہو چکی ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف اسمبلی کے اندر جاری طاقت کے کھیل کو واضح کرتی ہے بلکہ اس امر کی نشاندہی بھی کرتی ہے کہ سیاسی جماعتوں کے اندر فیصلہ سازی کس حد تک گروہی مفادات کے زیرِ اثر ہے۔ پیپلز پارٹی کی بائی کمان کی سطح پر ہونے والی مشاورت سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈپٹی اسپیکر شپ کا منصب محض ایک انتظامی ذمہ داری کے بجائے سیاسی نوازشات اور پارٹی وفاداریوں کے توازن کو برقرار رکھنے کا ذریعہ بن چکا ہے۔ پارٹی کے اندر جس طرح تین نام—عامر عبدالغفار لون، محترمہ تقدیس گیلانی اور چوہدری اکبر ابراہیم—آمنے سامنے کھڑے ہیں، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اس منصب کی اصل اہمیت اس کے اختیارات سے زیادہ اس کی علامتی اور سیاسی حیثیت میں ہے۔

محترمہ فریال تالپور کی جانب سے کراچی سے منتخب ہونے والے عامر عبدالغفار لون کو ترجیح دینا، اور دوسری جانب پارٹی میں نئی شامل ہونے والی تقدیس گیلانی کو مستقبل میں بہتر ایڈجسٹمنٹ کی یقین دہانی، ایک طرف سیاسی روایات کی نشاندہی کرتی ہے تو دوسری جانب پارٹی کے اندر مختلف دھڑوں کے درمیان بڑھتی ہوئی فاصلوں کو بھی ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس، فاروق ڈاک سے واپس آنے والے چوہدری اکبر ابراہیم کو بھی ایڈجسٹمنٹ کی زبان دی جا چکی ہے، جو صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا رہی ہے۔ اصل سوال یہ نہیں کہ ڈپٹی اسپیکر کون ہوگا، بلکہ یہ ہے کہ اس اہم عہدے کا انتخاب کیا میرٹ، تجربے اور سیاسی استحکام کو سامنے رکھ کر کیا جائے گا یا پھر پارٹی دھڑوں کو خوش کرنے کے لیے محض ایک "سیاسی بندوبست" کے طور پر؟ فیصلہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کرنا ہے مگر یہ فیصلہ پارٹی کے مستقبل کی سمت طے کرنے میں بنیادی کردار ادا کرے گا۔ پارٹی کے سینئر ارکان کی سفارشات عامر عبدالغفار لون کے حق میں ہیں جو کہ پارٹی سے طویل وابستگی رکھتے ہیں۔ اگر واقعی فیصلہ میرٹ اور وابستگی پر کیا جاتا ہے تو یہ پارٹی کے لیے ایک مثبت پیغام ہوگا۔ تاہم اگر فیصلہ محض سیاسی سودے بازی یا وقتی ضرورت کے تحت کیا گیا تو یہ نہ صرف پارٹی کے اندرونی اتحاد پر سوالات اٹھائے گا بلکہ مستقبل میں اسمبلی کے استحکام کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔ وقت آگیا ہے کہ سیاسی جماعتیں عہدوں کی تقسیم میں روایتی سیاسی مصلحتوں کے بجائے شفافیت، اصولوں اور ادارہ جاتی مضبوطی کو ترجیح دیں۔ ڈپٹی اسپیکر شپ جیسے مناصب سیاسی انعامات نہیں بلکہ آئینی ذمہ داریاں ہیں اور انہیں اسی سوچ کے تحت تقسیم کیا جانا چاہیے۔

چرچل کی جدوجہد اور تعلیمی ماحول

سعادت
گردار عتیق احمد

سر ونسٹن چرچل کی خودنوشت، میری ابتدائی زندگی کا باب "فسٹ ایئر بیلٹ بارد" ان کی طالب علمی کے زمانے کا ایک انتہائی دلچسپ اور معنی خیز خاکہ پیش کرتا ہے۔ اس باب میں چرچل نہ صرف اپنی تعلیمی مشکلات کا ذکر کرتا ہے بلکہ اس دور کے روایتی تعلیمی نظام، اساتذہ کے رویوں اور اپنی ذہنی کیفیت کو بے حد طرح، مزاح اور سادگی سے بیان کرتا ہے۔ وہ بتاتا ہے کہ جب انہیں ہارو سکول بھیجا گیا تو وہ ایک عام سے، بلکہ کمزور سے طالب علم تھے۔ لاطینی اور ریاضی جیسی روایتی کتابوں کے لیے جتنی آزمائش تھی اور آکسفورڈ

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

طلبہ کا مبینہ تشدد کے خلاف فوری پولیس کا مطالبہ، بھرپور احتجاج کی دھمکی

متعدد بار چند کانج پروفیسرز نے بے رحمانہ تشدد کیا، کالج ایک ٹارچر سیل بن گیا، ضلعی انتظامیہ فوری طور پر نوٹس لے

قبل ازیں بھی اس طرح کے اقدامات کے خلاف احتجاج کیا، معاہدوں کے باوجود عملدرآمد نہیں ہوا، پریس کانفرنس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کنجالہ حسین خان شہید گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ کے طلبہ کالج کے چند پروفیسرز کی جانب سے طلبہ پر سپید تشدد کے خلاف فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کالج میں اس طرح کے اقدامات کا کوئی جواز نہیں ہوسکتا، طلبہ کالج کے اندر پرامن تعلیمی ماحول کا مطالبہ کرتے ہیں، کالج کو ٹارچر سیل میں تبدیل کرنے کے بجائے ایک تعلیمی ادارے کے طور پر (ایڈیٹر 01 ضمنی 03)

متین فکری تحریک آزادی کے ترجمان تھے، صلاح الدین

حق وصداقت کے پرچم کو سربلند رکھا ان کی جدائی انتہائی تکلیف دہ ہے

مظفرآباد (کے پی آئی) حزب سربراہ اور متحدہ جہاد کونسل کے چیئرمین سید صلاح الدین احمد نے سینئر صحافی متین فکری کی تحریک آزادی کشمیر کے لئے خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ متین فکری تحریک آزادی کشمیر کے گلشن میں ایک خوشبو تھے انہوں نے قلم کو جہاد کا ہتھیار بنا کر پوری زندگی حق وصداقت کے پرچم کو سربلند رکھا، ان کی جدائی انتہائی تکلیف دہ ہے۔ سید (ایڈیٹر 22 ضمنی 03)

کشمیری خواتین پر بھارتی ظلم وتشدد کیخلاف شدید تشویش

عالمی ادارے نوٹس لیں اور بھارت پر دباؤ ڈالیں، حریت کانفرنس کا مطالبہ

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے انسانی حقوق کے عالمی اداروں سے زور دیا ہے کہ وہ کشمیری خواتین کے خلاف گھناؤنے جرائم اور انسانی حقوق کی تھیں خلاف ورزیاں رکوانے کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالیں۔ حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید عباسی نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا ہے کشمیر کشمیر میں خواتین بھارتی ریاستی دہشت گردی (ایڈیٹر 21 ضمنی 03)

کینیڈا میں خالصتان ریفرنڈم، 53 ہزار سکھوں کا ووٹ

تحریک عالمی سطح پر تیزی سے مضبوط ہورہی ہے، سکھ فار جسٹس انتہائی پرامید

اوٹاوہ (کے پی آئی) کینیڈا کے شہر اوٹاوا میں خالصتان ریفرنڈم میں 53 ہزار سے زائد سکھوں نے بھارتی پالیسیوں کے خلاف اپنی رائے دی، استصواب کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ریفرنڈم کے دوران سکھ برادری نے بھارتی حکومت کے جارحانہ اقدامات اور مودی سرکار کی پالیسیوں کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی۔ (ایڈیٹر 20 ضمنی 03)

باغ، ڈاکٹر اشفاق خان کے سردار ضیاء والتقمر کو مبارکباد

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق ڈائریکٹر جنرل لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ سردار اشفاق خان نے اپنے ایک (ایڈیٹر 19 ضمنی 03)

باغ، طلبہ پر سپید تشدد کے خلاف نوٹس لینے کا مطالبہ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیکرٹری ایجوکیشن اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن حکومت آزاد کشمیر نے باغ ریجنل کنٹرول کمرڈ کالج کے سینئر پروفیسرز کی جانب سے طلبہ پر سپید تشدد کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی فوٹیج کا نوٹس لے لیا ہے۔ (ایڈیٹر 02 ضمنی 03)

چناری، منگلہ برقیات کے میٹر ریڈر عبدالجبار انتقال کر گئے

چناری (صباح نیوز) چناری بازار کے نامور المعروف بھائی جبار، سیکرٹری محمد برقیات عبدالجبار میر دل کے دورہ کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ منگلہ کے روزیہ چناری قبرستان گراؤنڈ مظفرآباد میں ادا کی گئی جس میں بڑی تعداد میں شرکاء نے شرکت کی۔ (ایڈیٹر 04 ضمنی 03)

چناری، کوآرڈینیشن کمیٹی کی میٹنگ، اہم امور پر مشاورت

چناری (خصوصی رپورٹر) بازی کشمیر جنلم ویلی بیسن جرنل کی زیر صدارت پیمس و کمیونٹی کوآرڈینیشن میٹنگ کا انعقاد، تعلیمی ادارے ایس ایس ویلی پاکسرز سیٹ 15 ممالک کے 44 پروفیشنل پاکسرز متعلقہ ٹاپکز کے لیے (ایڈیٹر 07 ضمنی 03)

ہٹیاں بالا، ہلٹی پر پبلک کمیونٹی ہال کی تعمیر ومرمت کا کام شروع

ڈپٹی کمشنر کا دورہ، تعمیراتی کام کا جائزہ، عوامی حلقوں کا بھرپور خیر مقدم

چناری (صباح نیوز) ہٹیاں بالا میں ذوالفی کیمپ ایس ایچ ایف انٹرنیشنل کی جانب سے ضلع بھر کی مقام پر عام ہلٹی پر پبلک کمیونٹی ہال کی تعمیر و مرمت (ریڈیو نیشن) کا کام باقاعدہ شروع کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر جنلم ویلی بیسن جرنل، چیئرمین ضلع کونسل حکیم منظور کیانی نے اسسٹنٹ کمشنر عمران خان، چیئرمین ایچ ایف انٹرنیشنل ایس ایچ ایف سیپا احسان الحسن گیلانی، ڈی ایس پی (ایڈیٹر 03 ضمنی 03)

پاکستان میں اجتماع عام خوش آئند اقدام تھا، ڈاکٹر مشتاق

عالمی رہنماؤں کو کشمیر کی موجودہ صورتحال بارے تفصیلی آگاہ کیا، خطاب

لاہور (پ ر) جامعہ اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر مشتاق خان نے جماعت اسلامی پاکستان کے زیر اہتمام اور جماعت پاکستان میں اجتماع عام میں شرکت کے لیے آنے والے عالمی رہنماؤں کو کشمیر کی موجودہ صورتحال بارے تفصیلی آگاہ کیا، خطاب (ایڈیٹر 05 ضمنی 03)

لاہور، دوسری بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کا باقاعدہ آغاز

6 پاکستانی باکسرز سمیت 15 ممالک کے باکسرز ایکشن میں دکھائی دیں گے

لاہور (اے ایف پی) لاہور میں دوسری بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔ عالمی سطح کی یہ چیمپئن شپ رنگ باکسنگ اینڈ ریسلنگ ایسوسی ایشن کے تعاون سے منعقد کی جارہی ہے۔ باکسنگ چیمپئن شپ پاک فوج، حکومت پنجاب اور فوجی فرٹیلائزرز کے باہمی تعاون سے منعقد کی جارہی ہے۔ (ایڈیٹر 06 ضمنی 03)

بارغ تجاوزات کے خلاف آپریشن متعدد دکانیں سیل بھاری جرمانے

دوران چیکنگ سڑک کے کنارے تھڑے، ریڑیاں ہٹا دی گئیں، سامان دکان کے شیلٹر کے اندر رکھنے کی ہدایت

گاڑیاں اور موٹر سائیکل مقررہ جگہ پر پارک کیے جائیں، قانون شکنی کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر

بارغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر بارغ سید تعیم الحسنات کی بارغ میں بازی کاہ والی، تھانہ ہارت بند، ریڑی، غیر سیاری اشیاء کی فروخت پر تاجروں کو جھاڑی جرمانے مقررہ ریٹس سے زائد ریٹس پر اشیاء فروخت کرنے والوں کی دکانیں سیل کر دی گئیں۔ تجاوزات کے مطابق اپنی دکانوں کو ہٹانے کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر بارغ سید تعیم الحسنات نے بارغ شہر میں چیکنگ کی جہاں سڑک پر رکھا سامان اور تھڑے اکھاڑ دیئے سامان شیلٹر کے (ایڈیٹر 23 ضمنی 03)

باغ، الیاس خان کا مختلف اموات پر اظہار افسوس

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بھارتیہ جنتا پارٹی کے ضلع صدر الیاس خان نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں مختلف شخصیات کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سابق چیئرمین ڈاکٹر عظمیٰ باغ، راجہ محمد حسیب خان مرحوم، چیئرمین یونین کونسل بنی بہاری، راجہ اسعد کے بھائی غلام محمد مرحوم، سابق ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن راجہ عابد عباسی کے بھائی سردار انتظار عباسی مرحوم، پی ایچ ڈی کے ذاکر راجہ انتقال مرحوم، ڈاکٹر عارف محمد طوطہ مرحوم اور بیکری بلند (ایڈیٹر 27 ضمنی 03)

اجالا انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بانی کو تعریفی سند

ظفر خان نے سماجی فلاح و بہبود کے شعبے میں غیر معمولی خدمات انجام دیں

مظفرآباد (صباح نیوز) نوجوت بیکر میں شاندار اور گرانقدر خدمات کے اعتراف میں اجالا انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بانی ظفر خان کو چیئرمین آزاد کشمیر کمپیٹیشن ایجوکیشن اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) خواجہ غیور کمال نے ٹیوٹا کمپلیکس نیو پی ایم بائس ہوئل آباد میں تصویبی (ایڈیٹر 24 ضمنی 03)

امن بحالی کے بغیر ترقی، خوشحالی ممکن نہیں، سہیل آفریدی

قبائلی اضلاع کو ان کا حق دلانے کی کوشش جاری ہے، عمائدین سے گفتگو

چارسدہ (صباح نیوز) دیرپا امن بحالی، بنیادی حقوق کے حصول کی جدوجہد میں دیرینہ قربانی کے ساتھ آگے بڑھنے کا عزم کیا گیا ہے کہ امن سے ہی علاقے کی ترقی اور خوشحالی ممکن ہوگی۔ سہیل آفریدی نے مجمعہ کے عمائدین کے وفد سے ملاقات کی اور کہا کہ ہم امن اور معاشی حقوق کی ترجیح پر امن بحالی کے عمل پر (ایڈیٹر 25 ضمنی 03)

علم مومن کی کھوئی ہوئی میراث ہے، خالد مقبول صدیق

علم کی سب سے بڑی پہچان یہی ہے کہ جس کے پاس جتنا ہو اتنا کم لگتا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے تعلیم خالد مقبول صدیق نے گیارہویں قومی کتاب میلے سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ خالد مقبول صدیق نے کہا کہ یہ کہ مومن کی کھوئی ہوئی میراث ہے، قلم اور کتاب سے بہت کم بہیں اپنی شناخت بیان کرتا مشکل لگتا ہے۔ اس ملاقات کا اظہار وفاقی وزیر برائے تعلیم خالد مقبول صدیق نے گیارہویں قومی کتاب میلے سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ خالد مقبول صدیق نے کہا کہ یہ کہ علم کی کھوئی ہوئی میراث ہے، قلم اور کتاب سے بہت کم بہیں اپنی شناخت بیان کرتا مشکل لگتا ہے۔ اس ملاقات کا اظہار وفاقی وزیر (ایڈیٹر 26 ضمنی 03)

سرینگر بھارت مخالف سرگرمیوں کا الزام، کشمیری خاتون کا مکان ضبط

این آئی اے عدالت نے پیر طارق احمد شاہ کی اہلیہ نسیمہ بانو کے ساڑھے تین مرلے کے مکان کو ضبط کرنے کا حکم جاری کیا

گھر کے تمام افراد پر مبینہ طور پر مجاہدین کو پناہ دینے کا الزام، نسیمہ بانو کی گزشتہ روز عدالت میں عدم پیشی پر کنٹرولر کا روائی

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت زمانہ بھارتی تفتیشی ادارے این آئی اے کی عدالت نے پلوامہ میں ایک کشمیری خاتون کا رہائشی مکان ضبط کر لیا ہے۔ این آئی اے کی عدالت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون یو اے پی اے کے تحت کشمیر کی دوسری فرد کو گرفتار کر لیا ہے۔ پلوامہ کے پیر محمد طارق احمد شاہ کی اہلیہ نسیمہ بانو کو گزشتہ روز عدالت میں عدم پیشی پر کنٹرولر کا روائی کا سامنا کرنا پڑا۔ این آئی اے کی عدالت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون یو اے پی اے کے تحت کشمیر کی دوسری فرد کو گرفتار کر لیا ہے۔ پلوامہ کے پیر محمد طارق احمد شاہ کی اہلیہ نسیمہ بانو کے خلاف سیاسی جماعتوں، کالعدم تنظیموں اور علیحدگی پسند عناصر کو مالی امداد فراہم کرنے کا الزام ہے۔ این آئی اے کی عدالت نے نسیمہ بانو کی غیر موجودگی میں ان کے مکان کو ضبط کرنے کا حکم جاری کیا۔ عدالت نے اس کیس کی سماعت 15 دسمبر تک ملتوی کر دی ہے۔ (ایڈیٹر 29 ضمنی 03)

سندھ ہائیکورٹ میں ای چالان کیخلاف حکم امتناعی مسترد

عدالت کا ڈی آئی جی ٹریفک ودیگر حکام سے جواب طلب، سماعت ملتوی

کراچی (صباح نیوز) کراچی میں ماڈرن ٹریفک کے لئے ای چالان کی عدالت کے خلاف دائر درخواستوں پر عدالت عالیہ نے حکم امتناع کی استدعا مسترد کر دی۔ عدالت نے ڈی آئی جی ٹریفک جی ٹی روڈ، سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن اور دیگر کے خلاف سیاسی جماعتوں، ٹرانسپورٹ مالکان اور شہریوں کی درخواستوں پر ای چالان سسٹم کے نفاذ کو چیلنج کیا ہے۔ عدالت نے ڈی آئی جی ٹریفک جی ٹی روڈ، سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن اور دیگر کے خلاف سیاسی جماعتوں، ٹرانسپورٹ مالکان اور شہریوں کی درخواستوں پر ای چالان سسٹم کے نفاذ کو چیلنج کیا ہے۔ عدالت نے ڈی آئی جی ٹریفک جی ٹی روڈ، سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن اور دیگر حکام سے جواب طلب کر لیا۔ سماعت ملتوی کر دی گئی۔ (ایڈیٹر 18 ضمنی 03)

اسلام آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور اپنی والدہ کی تعزیت کا فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مظفرآباد: چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر ایم سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان و دیگر چوہدری محمد ممتاز کے لیے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صنعتی بنیاد پر تشدد کیخلاف قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

خاتمے کیلئے اداروں اور معاشرے کو مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگی، قرارداد

لاہور (صباح نیوز) صنعتی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 روزہ عالمی مہم کا آغاز کے موقع پر قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کرا دی گئی، پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرائی گئی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا کہ یہ ایوان خواتین اور بچیوں کے (ایڈیٹر 17 ضمنی 03)

کراچی، چوری شدہ 60 لاکھ مالیت کے زیورات کی واپسی

نقدی، زیورات دو دن قبل چرائے گئے تھے، معاملے پر پولیس تحقیق شروع

کراچی (صباح نیوز) کراچی میں ڈسٹرکٹ ملیر کینٹ حدود میں بیوی بچوں کی تعلیم کے لئے دبئی سے واپس آنے والے ایک شخص کا ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی چوری کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مسلسل فلکی (ایڈیٹر 10 ضمنی 03)

کھوئی رڈ میں خشک سالی شدت اختیار کر گئی

کھوئی (صباح نیوز) کھوئی رڈ میں خشک سالی شدت اختیار کر گئی، مکینوں کی فصل پر سنگین خطرات لاحق ہو گئے۔ گزشتہ کئی ماہ سے بارش نہ ہونے کے باعث کھوئی رڈ اور مضافاتی علاقوں میں خشک سالی نے شدت اختیار کر لی ہے۔ مسلسل فلکی (ایڈیٹر 10 ضمنی 03)

کھوئی رڈ، صغیر قمر کی والدہ انتقال کر گئیں

کھوئی رڈ (صباح نیوز) کھوئی رڈ میں رہنے والے اسلامک ایلیٹ پاکستان کے نمائندہ صغیر قمر اور ڈاکٹر عبدالحمید کی والدہ گزشتہ روز رضا کے انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں بڑھ بازہ کھوئی رڈ میں ادا کی گئی۔ (ایڈیٹر 11 ضمنی 03)

چناری، کھلی کچہری میں چند مخصوص افراد کی شرکت کا دعویٰ

عوامی وسیاسی نمائندوں کے تحفظات، حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) تحصیل انتظامیہ جنلم ویلی کی جانب سے تحصیل چکار میں منعقدہ کھلی کچہری چند مخصوص افراد کے حق میں ہونے پر عوامی وسیاسی نمائندوں کے شدید ردعمل کے بعد انتظامیہ نے کھلی کچہری کو ملتوی کر دیا ہے۔ چکار میں کھلی کچہری کا اہتمام (ایڈیٹر 09 ضمنی 03)

عوام کی زندگیوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، طاہر کھوکھر

حکومت دکھاوے کے ذریعے عوام کو مطمئن کرنے کی کوشش کر رہی ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) مرکزی صدر پاسبان پاکستان وسابق وزیر سیاحت وفرانسیسو شہد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ عوام کی زندگیوں میں کوئی حقیقی تبدیلی نہیں آئی، حکومت صرف دکھاوے کی پالیسیوں کے ذریعے عوام کو مطمئن کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ طاہر کھوکھر نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ حکومت کی جانب سے کیے جانے والے مختلف دعوے اور وعدے عوام کے لیے عملی فائدہ (ایڈیٹر 13 ضمنی 03)

چوری کی وارداتیں میں متاثرہ شخص کا اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

18 نومبر کو میرے گھر میں چوری کی واردات کی گئی جس میں نامعلوم چور نقدی اور قیمتی زیورات لے اڑے اس سے قبل بھی متعدد بار وارداتوں کی کوششیں کیں گئیں، پولیس ملزمان کو فوری ٹریس کر کے سخت سے سخت سزا دے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے نواحی گاؤں میدان کے ایک رہائشی احسان اختر کے گھر میں چوری کی واردات کا سراغ تا حال نہ لگایا جا سکا۔ 18 نومبر کو ہونے والے اس واردات سے دوران لاکھوں مالیت کے قیمتی زیورات، ہزاروں نقد رقم و دیگر اشیاء چوری کر لی گئیں جس میں کی درخواست احسان اختر نے پولیس سٹیشن راولاکوٹ میں درج کروائی تھی۔ متاثرہ شخص کے مطابق ان کے گھر میں اس سے قبل بھی 2 مرتبہ چوری کی وارداتوں کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملہ (ایڈیٹر 08 ضمنی 03)

ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کا شیڈول، ٹاکرے کی تاریخ اعلان

لاہور (اے ایف پی) آئی سی سی نے ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کا شیڈول جاری کر دیا ہے جس کے مطابق فرسٹ ٹیم 7 فروری سے شروع ہوگا۔ پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں 2026ء کے ٹی 20 ورلڈ کپ میں 15 فروری کو کولمبو میں ایک (ایڈیٹر 30 ضمنی 03)

دورہ بنگلہ دیش کیلئے 15 رکنی ویمنز انڈر 19 ٹیم کا اعلان

لاہور (اے ایف پی) پاکستان ویمنز انڈر 19 کرکٹ ٹیم کا دورہ بنگلہ دیش، ایک ٹی ٹی ٹی 15 رکنی پاکستان ویمنز انڈر 19 کا اعلان کر دیا۔ ایک ٹی ٹی کے مطابق ٹیم کی کپتانی آل راؤنڈر ایمان میر کریں گی، 15 رکنی دستے میں پلیئنگ (ایڈیٹر 32 ضمنی 03)

انرجی ڈرنکس نے نوجوان کو چلنے پھرنے سے معذور کر دیا

خالی پیٹ انرجی ڈرنکس جان لیوا پیچیدگیوں کا سبب بن سکتے ہیں، ماہرین

کراچی (صباح نیوز) انرجی ڈرنکس میں 22 سالہ نوجوان کی معاشرہ کو ڈیفائن جاتے ہوئے ایک ٹیلے پر ریٹائرڈ ہوئے والی 60 لاکھ روپے مالیت کی چوری کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مسلسل فلکی (ایڈیٹر 10 ضمنی 03)

آئینی عدالت کے بائیکاٹ پر فیصلہ نہیں ہوا، سلمان اکرم

ایک عدالت کو ہم نہیں مانتے تو اس میں پیش ہونا ہے یا نہیں، سوال کا جواب

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے بیرسٹر بابر اعوان کیس کیا؟ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ پارٹی میں مشاورت کریں گے، عدالت اب خاتم کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاولی کی آئینی تبدیلیاں کے حوالے سے درخواست پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ وفاقی آئینی عدالت کے بائیکاٹ پر سلمان اکرم راجہ نے سوال کیا کہ کیا پی ٹی آئی نے آئینی عدالت کا بائیکاٹ کر دیا ہے؟ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ پارٹی میں مشاورت کریں گے، عدالت اب خاتم کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاولی کی آئینی تبدیلیاں کے حوالے سے درخواست پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ وفاقی آئینی عدالت کے بائیکاٹ پر سلمان اکرم راجہ نے سوال کیا کہ کیا پی ٹی آئی نے آئینی عدالت کا بائیکاٹ کر دیا ہے؟ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ہم نہیں مانتے (ایڈیٹر 31 ضمنی 03)

بنوں، سکیورٹی فورسز کا آپریشن، 22 دہشت گرد ہلاک

فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، سرچ آپریشن بھی جاری ہے

راولپنڈی (صباح نیوز) سکیورٹی فورسز نے ضلع بنوں میں دہشت گردوں کی مقامات پر ہوں میں کیے آپریشن کرتے ہوئے 22 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے ضلع تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ سرچ آپریشن بھی جاری ہے۔ (ایڈیٹر 33 ضمنی 03)

جہلم ویلی کی آبادی زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم، نوٹس کا مطالبہ

مردم شماری کے مطابق آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی کی مجموعی آبادی 2 لاکھ 66 ہزار 435 نفوس پر مشتمل ہے

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال موجود ہے، عوام بڑے دور دراز شہروں کے رخ پر مجبور

چناری (خصوصی رپورٹر) ضلع جہلم ویلی میں لاکھوں کی آبادی بہت اور ضلع کی مکمل سہولیات نہ ہونے کے باعث عوام، طالب علموں کو شدید مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا ہے۔ حکومت سے ضلع جہلم ویلی کے عوام کے بنیادی مسائل حل کیے جانے کے بجائے نظر انداز ہونے کے الزامات لگائے جا رہے ہیں۔ مردم شماری کے مطابق آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی کی مجموعی آبادی 2 لاکھ 66 ہزار 435 نفوس پر مشتمل ہے۔ جگر گوشہ کے امریہ کے کہ آئی ٹی آبادی کے لیے آج تک صرف ایک DHQ ہسپتال موجود ہے۔ ضلع کی تین تحصیلوں میں لاکھوں عوام کی سہولیات کے لیے اسی واحد ہسپتال (ایڈیٹر 34 ضمنی 03)

راولپنڈی: وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور، چیف جسٹس راٹھور کے چچا طارق راٹھور کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پنجاب میں علیمہ خان کی جائیدادوں کی تلاش، نتیجہ کیا نکلا

پندرہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے ایف بی آر کو رپورٹ فراہم کر دی

لاہور (صباح نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پنجاب کے مختلف اضلاع میں پاکستان ٹی آئی کی بانی علیمہ خان کی غیر منقولہ جائیدادوں کی تلاش کے بعد ابتدائی رپورٹ مرتب کر لی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے پاکستان ٹی آئی کی بانی علیمہ خان کی غیر منقولہ جائیدادوں کی تلاش کے لیے صوبے بھر کے چیف سے زائد اضلاع میں پاکستان ٹی آئی کی بانی علیمہ خان کی غیر منقولہ جائیدادوں کی تلاش کے بعد ابتدائی رپورٹ مرتب کر لی۔ پنجاب ایف بی آر کو جمع کرا دی (ایڈیٹر 14 ضمنی 03)

پشاور، ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملے کا مقدمہ درج

پشاور (صباح نیوز) پشاور میں ایف سی کا ہیڈ کوارٹر پر حملے کا مقدمہ تھانہ ہی ڈی جی میں درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ دہشت گردی کی دفعات کے تحت پولیس کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق موٹر سائیکل سوار 3 دہشت گردوں نے ایف (ایڈیٹر 12 ضمنی 03)

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
YouTube Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
کشمیر دھرتی HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر یک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

نقیب 1

عمال کے بعد ہاتھ بیعت لی جائے کیونکہ اس کے بعد امت باقی نہ رہے گی۔ ابن ابی شیبہ، ابن ماجہ، ابن ابی عاصم، ابن ابی خیثمہ، ابن حبان، طبرانی، بیہقی، ابن عساکر، ابن نجار، ابن عدی، ابن عساکر، ابن عساکر، ابن عساکر